# نوٹس برائے سالانہ عمومی میٹنگ

بذریعہ نوٹس تمام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دی آرگینک میٹ کمپنی لمیٹڈ کی دسویں سالانہ عمومی میٹنگ کا انعقاد بروز منگل مورخہ 27 اکتوبر 2020 بوقت 11:00 بجے صبح بذریعہ ویڈیو لنک ہوگا جس میں درج ذیل کاروباری امور زیر بحث لائے جائیں گے:

**عام کاروبار:**

۱۔ 30 جون 2020ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس بمعہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ وصول کرنا، جائزہ لینا اور حاصل کرنا۔

۲۔ 30 جون 2020ء کو ختم ہونے والے سال کیلئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق کیش ڈویڈنڈ 20 فیصد کے حساب سے (مبلغ 2.00 روپے فی شیئر) کی ادائیگی پر غور اور منظور دینا۔

۳۔ سال 2020-21 کیلئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کا معاوضہ مقرر کرنا۔

۴۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر کاروباری امور پر نظر ثانی کرنا۔

**خصوصی کاروبار:**

۵۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے مورخہ 31 مئی 2016ء کو جاری ہونے والے ایس آر او نمبر 470(1)/2016 کے تحت ہدایت کے مطابق یہ تجویز دی گئی ہے کہ اس کے ذریعہ مندرجہ ذیل خصوصی قرارداد منظور کی جائے:

''یہ طے پایا ہے کہ S.R.O.470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016ء کی تعمیل کے مطابق اور حصص یافتگان کی رضامندی اور منظوری کے تحت کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس اپنے ممبران کو بذریعہ سی ڈی/ ڈی وی ڈی/ یو ایس بی بھیج سکتے ہیں اور یہ کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور کمپنی سیکریٹری اس کے ذریعہ وہ تمام امور انجام دینے کا مجاز ہے جو اس قرارداد پر اثر انداز ہونے کے لئے ضروری یا درکار ہو سکتے ہیں۔''

۶۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 36 میں ترمیم پر غور کرنا اور منظور کرنا اور صحیح مرتب ہونے پر بغیر کسی ترمیم کے درج ذیل خصوصی قرارداد کے طور پر پاس کرنا۔

''یہ طے پایا ہے کہ کمپنی کے فل ٹائم ورکنگ ڈائریکٹرز اور چیف ایگزیکیٹیو کے معاوضے اور بورڈ اور بورڈ کی کمیٹیوں کی میٹنگ میں شرکت کیلئے آنے والے دیگر ڈائریکٹرز کے معاوضے وقتاً فوقتاً بورڈ کی جانب سے طے کئے جائیں گے۔ بورڈ اور بورڈ کی

کمیٹیوں کی میٹنگ میں شرکت کیلئے آنے والے فل ٹائم ورکنگ ڈائریکٹرز کے علاوہ ہر ڈائریکٹر فیس کا حقدار ہوگا۔اس کے علاوہ میٹنگ میں شرکت کیلئے ہونے والے کسی بھی اخراجات کے سلسلے میں اسے معاوضہ دیا جاسکتا ہے جیسا کہ بورڈ کی جانب سے منظور کیا گیا ہے۔

**کمپنیز ایکٹ 2017ء کا سیکشن (3)134 جس کا تعلق خصوصی کاروبار سے ہے اس نوٹس کے ساتھ شامل کیا گیا ہے۔**

بحکم بورڈ

عبدالقادر

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 30 ستمبر 2020ء

## نوٹس:

۱۔ کمپنی کے ممبران کے رجسٹر بروز منگل مورخہ 20 اکتوبر 2020ء سے بروز منگل مورخہ 27 اکتوبر 2020ء (دونوں دن) بند رہے گا اور اس دوران کسی بھی منتقلی کا اندراج نہیں کیا جائے گا۔شیئرز ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز F.D رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 17th فلور، صائمہ ٹریڈ ٹاور اے، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000، بروز پیر مورخہ 19 اکتوبر 2020ء کی شام مندرجہ بالا حق کیلئے وصول کیئے جاسکیں گے۔

۲۔ میٹنگ میں شرکت کیلئے ممبران سے گزارش ہے کہ وہ 22 اکتوبر 2020ء کو یا اس سے پہلے cs@tomcl.net پر ای میل کے ذریعے درج ذیل معلومات فراہم کرکے اپنا اندراج کریں:

| شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | CDC اکاؤنٹ نمبر/ فولیو نمبر | موبائل نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

۳۔ جو ممبران رجسٹرڈ ہیں ان کو ضروری تصدیق کے بعد کمپنی اسی ای میل ایڈریس پر ویڈیو لنک فراہم کرے گی جس کے ساتھ وہ کمپنی کو ای میل کرتے ہیں۔لاگ ان کی سہولت صبح 10:45 سے میٹنگ کے اختتام تک کھلی رہے گی۔

۴۔ وہ ممبر جو میٹنگ میں حاضر ہوکر بولنے اور ووٹ دے اسے یہ حق حاصل ہے کہ وہ دیگر ممبران کو اپنی جانب سے بطور پراکسی تقرر کریں۔ پراکسیز موثر ہونے کیلئے تحریری طور پر ہونی چاہئیں اور کمپنی کے کارپوریٹ آفس کو میٹنگ سے 48 گھنٹے قبل موصول ہونی چاہئیں۔

۵۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز جن کے شیئر ان کے اکاؤنٹ/سب اکاؤنٹ بمعہ سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) میں رجسٹرڈ ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ تصدیق کے لئے CDS میں اپنے اکاؤنٹ نمبر کے ساتھ اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ لے کر آئیں۔

۶۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی سے فوری طور پر آگاہ کریں۔

۷۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 242 یہ بتاتا ہے کہ کسی لسٹڈ کمپنی کی صورت میں، کمپنی کے ذریعہ اعلان کردہ کسی بھی کیش ڈویڈنڈ کو مستحق شیئر ہولڈرز کے بینک اکاؤنٹس میں براہ راست الیکٹرانک طور پر ادا کرنا ہوگا۔لہٰذا تمام شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ فزیکل شیئر کی صورت میں وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.tomcl.net پر دستیاب ڈویڈنڈ مینڈیٹ فارم کو پُر کریں دستخط کرکے بمعہ شناختی کارڈ کمپنی کے رجسٹرار میسرز F.D رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو ارسال کریں۔ اگر شیئر CDC میں ہوں تو پھر شیئر ہولڈر کے بروکر/شراکت دار/CDC اکاؤنٹ سروس میں براہ راست ڈویڈنڈ مینڈیٹ فارم جمع کروانا ہوگا۔IBAN کو پیش نہ کرنے کی صورت میں کمپنی کمپنیز (منافعہ منقسمہ) ریگولیشنز 2017ء کے تحت منافع

کی ادائیگی روک دے گی۔

۸۔ تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ FBR کی ویب سائٹ پر دستیاب ایکٹیو ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) پر اپنی حیثیت کی جانچ کریں اور اگر ضرورت ہو تو اپنا نام ATL میں شامل کرنے کیلئے ضروری اقدامات کریں۔ اگر کسی شخص کا نام ATL میں ظاہر نہیں ہوتا تو قابل اطلاق ٹیکس کی شرح میں سو فیصد اضافہ کیا جائے گا۔

۹۔ مشترکہ اکاؤنٹ کی صورت میں برائے کرم ہر اکاؤنٹ ہولڈر کی ان کی انفرادی حیثیت کے ساتھ شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے اور ATL میں اپنی حیثیت سے مطلع کیا جائے۔

۱۰۔ جو ممبر اپنے شیئر سے زکوٰۃ کی کٹوتی رکوانا چاہتا ہے وہ قانون کے تحت ضرورت کے مطابق دستخط شدہ نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر ڈکلریشن پیش کر سکتا ہے (اگر پہلے پیش نہیں کیا گیا ہو)۔

۱۱۔ منافع بخش آمدنی سے ودھ ہولڈنگ ٹیکس چھوٹ کی اجازت صرف اسی صورت میں ہوگی جب جائز ٹیکس چھوٹ کے سرٹیفکیٹ کی کاپی بک کلوزر کے پہلے دن ہمارے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دی جائے۔

۱۲۔ CDC اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو اپنے متعلقہ شرکاء کے ساتھ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کو اپ ڈیٹ کرنے کی ضرورت ہے جبکہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی کمپنی یا ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز F.D رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ ارسال کرنی چاہیے۔ NTN یا NTN سرٹیفکیٹ ارسال کرتے وقت شیئر ہولڈرز پر لازم ہے کہ وہ کمپنی کا نام اور ان کے متعلقہ فولیو نمبر درج کریں۔

۱۳۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 244 کے مطابق ایک بار جب کمپنی مقررہ رسمی مراحل مکمل کر لیتی ہے تو کوئی دعویدار منافع / یا شیئر جو واجب الادا ہونے اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین سال کی مدت تک بقایا رہ چکے ہیں وہ وفاقی حکومت کو (منافع کی صورت میں) جمع کرائے جائیں گے یا SECP (فزیکل شیئر کی صورت میں) کے حوالے کر دیں گے۔ جو شیئر ہولڈرز اپنے شیئر/فزیکل شیئر کو حاصل نہیں کر سکے ہیں وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں تاکہ وہ اپنے دعویدار منافع یا شیئر کے بارے میں کوئی معلومات حاصل کر سکیں۔

۱۴۔ ایس ای سی پی نے اپنے نوٹیفکیشن SRO 787(1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014ء کے ذریعے شیئر ہولڈرز کو ای میل کے ذریعہ سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور سالانہ عمومی اجلاس کا نوٹس وصول کرنے کا اختیار دیا ہے۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اگر وہ ای میل کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات اور جنرل میٹنگ کا نوٹس وصول کرنا چاہتے ہیں تو وہ ہمارے ریکارڈ کی معلومات کیلئے کمپنی کے کارپوریٹ آفس کو اپنی رضامندی دیں۔ تاہم اگر شیئر ہولڈرز اضافی طور پر آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات کی ہارڈ کاپی کیلئے درخواست کریں تو ایسی تحریری درخواست کی وصولی کے سات دن کے اندر انہیں مفت فراہم کی جائے گی۔

۱۵۔ 30 جون 2020ء کوختم ہونے والے سال کیلئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کمپنی کی ویب سائٹ www.tomcl.net پر رکھے گئے ہیں۔

۱۶۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 145-143 کی شرائط اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کی شقوں کے تحت ممبران پوسٹل بیلٹ کے ذریعے یعنی ڈاک کے ذریعہ یا الیکٹرانک موڈ کے ذریعے اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکتے ہیں۔

۱۷۔ ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں براہ کرم سالانہ جنرل میٹنگ کے انعقاد سے سات دن پہلے درج ذیل کو پُر کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروائیں۔ اگر کمپنی جغرافیائی مقام پر مقیم 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈرز پر مشتمل ممبران سے اس میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم سات دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کیلئے رضامندی حاصل کرتی ہے تو کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی۔ یہ سہولت شہر میں دستیابی سے مشروط ہے۔

میں/ہم ______________________ بطور دی آرگنیک میٹ کمپنی لمیٹڈ کے ممبر، حامل ______________ آرڈنری شیئرز بطور رجسٹر CDC /فولیو نمبر ______________________ ویڈیو کانفرنس کی سہولت یہاں ______________________ کا انتخاب کرتے ہیں۔

## اسٹیٹمنٹ برائے اہم امور زیر دفعہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3)

**SECP کے جاری کردہ SRO 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016ء کے مطابق شیئر ہولڈرز کو سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعہ سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس ارسال کریں (نوٹس کا آئٹم نمبر 5)۔**

SECP کے جاری کردہ SRO 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016ء کے مطابق سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں اجازت دی ہے کہ وہ اپنے ممبران کو سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعہ ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کرے۔ تاہم کمپنی اس طرح کی طلب کے ایک ہفتہ کے اندر ممبران کے مطالبہ پر اپنی سالانہ رپورٹ/سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ہارڈ کاپی مفت پیش کرے گی۔

شیئر ہولڈرز کی سہولت کیلئے کمپنی سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعہ اسے بھیجنے کے بجائے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ہارڈ کاپیوں کی ضرورت کیلئے اپنی ویب سائٹ پر ایک معیاری درخواست فارم رکھے گی۔

کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 36 میں ترمیم پر غور اور منظوری دینا۔ (نوٹس کا آئٹم نمبر 6 )

بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کی میٹنگ میں شرکت کیلئے فل ٹائم ورکنگ ڈائریکٹرز اور کمپنی کے چیف ایگزیکیٹو کے معاوضے اور باقاعدہ تنخواہ دار اور کل وقتی ورکنگ ڈائریکٹرز کے علاوہ دیگر ڈائریکٹرز کے معاوضے کا تعین بورڈ کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 36 کو کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 170 کے مطابق ڈھالنے کیلئے کمپنی کے آرٹیکل آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 36 میں ترمیم کی ضرورت ہے۔